www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


پروفیسر سعید مجتبیٰ سعیدی

# تبصرۂ کتب

تصنیف : حضرت مولانا عبدالرحمٰن کیلانی حفظہ اللہ
نام کتاب : "الشمس والقمر بحسبان"
صفحات : تین سو اٹھائیس
شائع کنندہ : مکتبۃ السلام' وسن پورہ۔ سٹریٹ نمبر20 لاہور
سول ایجنٹ : دارالتذکیر 142- علامہ اقبال روڈ' لاہور

اسلام ایک الہامی و ربانی دین ہی نہیں بلکہ دین فطرت بھی ہے۔ جس کے جملہ اوامرو احکام میں بے جا تکلف کی بجائے فطرت کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔

بالخصوص عبادات کے اوقات و ایام کے تعین میں مظاہرِ قدرت و فطرت' چاند اور سورج کو معیار بنایا گیا ہے۔ چنانچہ پنج وقتہ نمازوں' نمازِ چاشت و عیدین کے اوقات' علاوہ ازیں روزہ کی افطاری و سحری کا تعلق سورج سے ہے۔

جبکہ ماہِ رمضان' یوم عید الفطرو عید الاضحیٰ اور یوم الحج کی تعین کے لیے چاند کو معیار بنایا گیا ہے۔ قرآن مجید میں ایک مقام پر ہے۔

کہ : "سورج کے ڈھلنے سے رات گئے تک نماز کی اقامت کریں۔"

اور دوسری جگہ فرمایا يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ ٱلْأَهِلَّةِ قُلْ هِىَ مَوَٰقِيتُ لِلنَّاسِ وَٱلْحَجِّ

یعنی "یہ لوگ آپ سے چاندوں کے بارے میں پوچھتے ہیں' آپ کہہ دیں کہ یہ لوگوں کے لیے اوقات کے تعین اور حج کے تعین کے لیے ذریعہ ہیں۔"

چونکہ چاند اور سورج کا اسلامی عبادات سے گہرا تعلق ہے' اس لیے قرآن مجید میں بہت سے مقامات پر مسلمانوں اور انسانوں کو کائنات میں بالعموم اور چاند سورج میں بالخصوص تدبر و تفکر کی دعوت دی گئی ہے۔ چنانچہ ایک مقام پر ہے

أَوَلَمْ يَنظُرُوا۟ فِى مَلَكُوتِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا خَلَقَ ٱللَّهُ مِن شَىْءٍ

کہ : "کیا انہوں نے آسمانوں' زمینوں اور ان کے علاوہ اللہ کی پیدا کردہ چیزوں پر غور نہیں کیا"

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



اور ایک حدیث شریف کے مطابق سابقہ آسمانی الہامی کتابوں میں امت محمدیہ کو "رعاۃ الشمس" کہا گیا ہے یعنی یہ لوگ سورج کے نگہبان، رکھوالے اور خیال رکھنے والے ہوں گے تاکہ بروقت عبادات بجا لاسکیں۔ چاند اور سورج کے متعلقہ علوم کو اہل علم کی اصطلاح میں "علم فلکیات" یا "علم ہیئت" کہا جاتا ہے۔ چونکہ اس علم کا اسلام اور اسلامی عبادات کے ساتھ گہرا تعلق ہے اس لیے مسلمانوں کے لیے یہ علم انتہائی اہمیت رکھتا ہے مگر اس اہمیت کے باوصف چونکہ ذرا مشکل اور پیچیدہ بھی ہے اس لیے بالعموم اس کی طرف سے بے اعتنائی کی گئی ہے اور اس سلسلہ میں جس قدر علمی کام ہونا چاہیئے تھا، نہیں ہو سکا۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیں بزرگوارِ محترم حضرت مولانا عبدالرحمٰن صاحب کیلانی کو، کہ جنہوں نے وقت کی ضرورت کے مد نظر اس اہم اور مشکل موضوع پر قلم اٹھا کر "الشمس و القمر بحسبان" کے نام سے جامع کتاب تصنیف فرما کر موجودہ امت کی طرف سے فرضِ کفایہ ادا کر دیا ہے۔

یہ کتاب کس قدر مبارک ہے کہ قرآن کریم کی ایک مختصر سی آیت اس کا زیبِ عنوان ہی نہیں بلکہ موضوع پر دلالت کرنے کے ساتھ ساتھ اس کا ذکر کرنے والے کے لیے ڈیڑھ سو نیکیوں کی نوید اور اس آیت کی تفسیر ہے۔

مولانا موصوف عمر رسیدہ ہونے کے باوجود بڑے باہمت اور جواں عزم رکھتے ہیں۔ تھوڑے ہی عرصہ میں اسلام اور جمہوریت، آئینہ پرویزیت، مترادفات القرآن، روح، برزخ اور عذابِ قبر وغیرہ جیسے اہم اور مشکل عنوانات پر ضخیم اور اہم علمی کتابیں تصنیف و شائع کر کے اہلِ علم سے داد حاصل کر چکے ہیں۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ! آمین

تقریباً سوا تین سو صفحات پر مشتمل یہ کتاب "بقامت کہتر و بقیمت بہتر" کی عین مصداق ہے۔ کہ مصنف موصوف نے مشکل ترین موضوع کو اس قدر سہل، عام فہم اور دلچسپ انداز سے اس میں یوں سمو دیا ہے کہ قدر دان کتاب کو شروع کرے تو پڑھتا ہی چلا جائے۔ اور کتاب کے اختتام تک دلچسپی برقرار رہے۔

کتاب میں علمِ ہیئت سے متعلقہ تقریباً تمام اہم مباحث آگئے ہیں۔ مثلاً قمری تقویم کی اہم خصوصیات، مہینوں اور ہفتہ کے ایام کے مختلف زبانوں میں نام اور ان کی وجوہِ تسمیہ، رویئتِ ہلال و اختلافِ مطالع، مطلع کی حقیقت، ایک سو ممالک کے معیاری اوقات، اسلام اور موجودہ سائنسی نظریات، دائمی نقشہ اوقاتِ طلوع فجر و آفتاب و زوال و غروب آفتاب برائے لاہور شہر، دو شہروں کے اوقات کا فرق معلوم کرنے کا اصول اور تاریخ اسلام کے اہم واقعات کے ہجری و عیسوی سنین بتقید ماہ و سال وغیرہ یہ بات بھی قارئین کے علم میں

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


لانا ضروری ہے کہ کتاب میں موجود اکثر اصول اور فارمولے خود مصنف موصوف کی ذہنی کاوش کا نتیجہ ہیں۔ اور آپ نے اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے علم فلکیات جیسے اہم موضوع پر اپنی گرانقدر تحقیق سے نوازا ہے جس پر بجا طور پر آپ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

مجموعی طور پر یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول میں علمِ ہیئت کے نظریات اور اسلامی نظریات۔ حصہ دوم میں ہجری و عیسوی سنین کے دن معلوم کرنے اور ان کے مابین مطابقت کے طریقے' اور حصہ سوم میں ۱ھ سے ۱۶۸۰ھ تک یعنی ۶۲۲ء سے ۲۲۵۲ء تک کی تقابلی تقویم شامل ہے۔

اس کے مطالعہ سے عیسوی تقویم کے مقابلہ میں ہجری و قمری تقویم کی افادیت و اہمیت واضح ہوتی ہے۔ خلاصہ اینکہ یہ کتاب بڑی مفید' معلوماتی اور جامع ہونے کی بنا پر ہر صاحب علم اور ہر علمی ادارہ کی لائبریری کی ضرورت ہے۔ کتابت' طباعت' کاغذ اور ٹائیٹل نہایت عمدہ' ظاہری و معنوی محاسن سے مزین و مرصع اور قیمت بھی انتہائی مناسب۔

جملہ اہل علم کو ضرور اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔ واللہ الموفق وھو ولی التوفیق

☆

## خلاصہ الفرقۃ الجدیدہ جماعت المسلمین مع الجماعۃ الجدیدہ بجواب الجماعۃ القدیمہ

" الفرقۃ الجدیدۃ جماعت المسلیمن کے بانی مسعود احمد (بی ایس سی) کا علمی محاسبہ " کے بعد اب " خلاصۃ الفرقۃ الجدیدۃ جماعت المسلمین " قارئین کرام کی خدمت میں پیش کی جارہی ہے۔ جس میں بڑی جامعیت کے ساتھ ھو سماکم المسلمین اور حدیث " تلزم جماعۃ المسلمین و امامھم " کا صحیح مفہوم واضح کیا گیا ہے۔ اور موصوف نے اس سلسلہ میں عوام الناس اور اپنی جماعت کے ساتھیوں کو جس دھوکا و فریب میں مبتلا کر رکھا تھا' ان پردوں کو بھی چاک کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں موصوف نے اس سلسلہ کی احادیث میں جو خیانت کی تھی اس کا ناقابلِ تردید دلائل کے ساتھ بھانڈا پھوڑا گیا ہے۔

اس کے علاوہ موصوف نے الفرقۃ الجدیدۃ کا جو مختصر جواب الجماعۃ القدیمۃ کے نام سے دیا تھا اس کے بھی ٹھوس اور دندان شکن جوابات " الجماعۃ الجدیدۃ بجواب الجماعۃ القدیمۃ" کے نام سے اسی کتاب میں پیش کردیا ہے۔ کتاب میں اور بھی بہت سے علمی مباحث ہیں جو پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ رعائتی قیمت گیارہ روپے پیشگی ارسال کرنے والوں کو کتاب فورا" روانہ کردی جائے گی۔ (ان شاء اللہ العزیز)

پتہ :- ڈاکٹر ابو جابر عبداللہ دامانوی بلاک نمبر 36 مکان نمبر 614 کیماڑی کراچی نمبر 7

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ